© rasailojaraid.com



# حرفِ تمنّا

کلیۂ معارفِ اسلامیہ، جامعہ کراچی گزشتہ کئی سالوں سے مجلّہ معارفِ اسلامیہ شائع کر رہا ہے۔ جو تین زبانوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ میری ڈین شِپ میں یہ پہلا مجلّہ ہے جو زیورِ طباعت سے آراستہ ہوا ہے۔ کہنے کو تو یہ ششماہی مجلّہ ہے۔ مگر گزشتہ شماروں کی اشاعتوں میں جو طول طویل وقفے آئے ہیں، اُنہیں دیکھ کر کون باور کرسکتا ہے کہ یہ ششماہی ہے؟ اس لیئے میں نے اس مجلّہ کی بروقت اشاعت کو یقینی بنانے کیلیئے فیصلہ کیا ہے کہ اسے واقعی ششماہی کر دیا جائے۔

یوں اب یہ شمارہ سال میں دو مرتبہ شائع ہوا کرے گا۔ پیشِ نظر شمارہ جنوری تا جون ۲۰۱۲ء کا ہے۔ اور آئندہ شمارہ جولائی تا دسمبر ۲۰۱۲ء کا ہوگا۔ جس کی تیاری اس مجلّے کی تکمیل کے ساتھ ہی شروع کر دی گئی ہے۔

میری خواہش اور کوشش ہے کہ اس مجلّہ کو صحیح معنٰی میں علم و تحقیق کا معیاری ترجمان بنایا جائے، تاکہ اسے جلد از جلد ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے Recognized کروایا جاسکے، موجودہ شمارہ کو اس سلسلے کی ابتدائی کڑی سمجھیے۔ آئندہ شمارے یقیناً اس سے بہتر ہوں گے۔

اُمید ہے کہ یہ مجلّہ علمی و تحقیقی حلقوں میں بہ نظرِ استحسان دیکھا جائے گا۔ اہلِ فکر و نظر کی طرف سے تنقیدی آراء اگر موصول ہوئیں تو وہ بھی آئندہ شمارے میں زینتِ قرطاس ہوں گی۔

مدیرِ اعلیٰ

مجلّہ معارفِ اسلامیہ

جامعہ کراچی



© rasailojaraid.com